ABC CERTIFEID
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ
شہر نامہ
اسلام آباد

ایڈیٹر
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر | جمعۃ المبارک 9 اکتوبر 2026ء 25 ربیع الثانی 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر
07 | فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com | 35

پٹرول مزید مہنگا، ڈیزل کی قیمت میں بھی اضافہ

پٹرول کی نئی قیمت 398 روپے 96 پیسے اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی نئی قیمت 395 روپے 72 پیسے لٹر مقرر، نوٹی فکیشن جاری کر دیا گیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) حکومت کی جانب سے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمت میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے اور پیٹرول مزید دو روپے 31 پیسے مہنگا کر دیا ہے۔ پیٹرولیم ڈویژن سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے وفاقی حکومت کے طریقہ کار کی بنیاد پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کر دیا ہے۔ حکومت نے ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 78 پیسے فی لیٹر اضافہ کر دیا ہے اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی نئی قیمت 395 روپے 72 پیسے مقرر کر دی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں دو روپے 31 پیسے فی لیٹر مہنگا کر دیا گیا ہے اور فی لیٹر نئی قیمت 398 روپے 96 پیسے کی سطح پر آ گئی ہے۔ پیٹرولیم ڈویژن کے نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ عالمی مارکیٹ میں تبدیلیوں، پلاٹس ریٹس، پریمیم اور دیگر اخراجات کے مطابق پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کیا گیا اور اعلان کردہ قیمتیں عالمی مارکیٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

راولپنڈی، فیلڈ مارشل عاصم منیر سے بحرینی وزیر دفاع مصافحہ کر رہے ہیں

اروشا، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کا آئی پی یو کی چیئر پرسن کے ہمراہ گروپ فوٹو

ایرانی حملے، امریکی فوج نے کویت کا اہم اڈہ خالی کر دیا

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی میڈیا نے انکشاف کیا ہے کہ ایران کے حملوں کے بعد امریکی فوج نے کویت کا اہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

ای سی سی، اسلام آباد، پنجاب بلدیاتی انتخابات کیلئے گرانٹ کی منظوری

مختلف وزارتوں اور ڈویژنز کی جانب سے پیش کردہ 17 نکاتی ایجنڈے پر غور

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نے اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات، سندھ اور بلوچستان میں بلدیاتی ضمنی انتخابات اور پنجاب میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

ن لیگ اور پی پی کے درمیان قانون سازی میں تعاون پر ڈیڈ لاک ختم

پیپلز پارٹی آئندہ قومی اسمبلی اور سینیٹ کے اجلاسوں میں قانون سازی میں حکومت کی حمایت کرے گی

پارلیمانی کمیٹی برائے انتخابی اصلاحات کے قیام اور کمیٹی کی چیئرمین شپ پیپلز پارٹی کو دینے پر اتفاق

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ن لیگ اور پیپلز پارٹی کے درمیان قانون سازی میں تعاون پر ڈیڈ لاک ختم ہوگیا، پیپلز پارٹی آئندہ قومی اسمبلی اور سینیٹ کے اجلاسوں میں قانون سازی میں حکومت کی حمایت کرے گی۔ ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی کو پارلیمانی کمیٹی برائے انتخابی اصلاحات کے قیام اور کمیٹی کی چیئرمین شپ دینے پر اتفاق ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی کو پارلیمانی کمیٹی برائے انتخابی اصلاحات کے قیام اور کمیٹی کی چیئرمین شپ دینے پر اتفاق ہوا ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

حکومت اپوزیشن مذاکرات کا دروازہ کھل گیا

فضل الرحمن نے پی ٹی آئی سے مذاکرات کا عندیہ دیدیا

سربراہ جے یو آئی حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان مذاکرات میں موجود ڈیڈ لاک ختم کرانے اور تنازعات کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کرنے پر آمادہ

محمود خان اچکزئی اور سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ ناصر عباس نے حکومت سے مذاکرات کو بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات سے مشروط کر دیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف اور جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے درمیان جلد رابطے کا امکان ہے اور مولانا نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے ساتھ مذاکرات کا عندیہ دیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف اور مولانا فضل الرحمان کے درمیان جلد رابطے کا امکان ہے اور مولانا فضل الرحمان نے پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات کا عندیہ دے دیا ہے۔ قبل ازیں حکومت کی مذاکراتی ٹیم نے مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کی رپورٹ وزیراعظم شہباز شریف کو پیش کر دی، حکومتی ٹیم میں اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق، رانا ثناءاللہ اور ڈاکٹر طارق فضل شامل تھے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق مولانا فضل الرحمان حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان مذاکرات میں موجود ڈیڈ لاک ختم کرانے اور تنازعات کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کرنے پر آمادہ ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ مولانا فضل الرحمان نے حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان مذاکرات کی بحالی کا عندیہ دیا ہے جبکہ انہوں نے حکومت کو گورنر راج یا ایمرجنسی کے بجائے معاملات افہام وتفہیم اور مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کا مشورہ بھی دیا ہے۔ حکومتی ذرائع کا کہنا تھا کہ مذاکراتی کمیٹی نے مولانا فضل الرحمان کی جانب سے مصالحانہ کردار کے لیے پیش کی گئی شرائط سے

اسلام آباد، صدر آصف زرداری اور بحرینی وزیر خارجہ ملاقات کیلئے آ رہے ہیں

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے بحرینی ہم منصب کی اہم ملاقات

دونوں ممالک کے مابین تجارت و سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے بحرینی ہم منصب نے اہم ملاقات کی ہے، جس میں دونوں ممالک کے مابین تجارت و سرمایہ کاری بڑھانے پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد، وزیر خارجہ سے تاجکستان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

سیکرٹری جنرل UN انتونیو گوتریس کا پاکستان کا سرکاری دورہ مکمل

قیام کے دوران اعلیٰ سیاسی وعسکری قیادت اور دیگر حکام سے ملاقاتیں کیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کا پاکستان کا سرکاری دورہ مکمل ہوگیا، وہ 6 سے 8 اکتوبر تک پاکستان میں قیام کے دوران اعلیٰ سیاسی وعسکری قیادت اور دیگر حکام سے ملاقاتیں کرتے رہے۔ وزارت خارجہ کے مطابق انتونیو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

ایران کے ساتھ جنگ جلد ختم ہونے کی توقع ہے، ٹرمپ

ایران کو جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرنے دیں گے، انتخابی جلسے سے خطاب

ٹیکساس (صباح نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ کے لیے ان کے خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف ایران کے ساتھ ممکنہ معاہدے پر کام کر رہے ہیں اور اچھی پیش رفت ہو رہی ہے، تاہم ایران کے ساتھ معاہدہ ان کا ترجیحی نتیجہ نہیں۔ ٹیکساس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

پاکستانی اور سری لنکن کپتانوں کا ٹی ٹوئنٹی ٹرافی کے ہمراہ گروپ فوٹو

شمالی وزیرستان میں آپریشن، 4 اہم کمانڈرز سمیت 9 دہشتگرد ہلاک

فتنہ الخوارج کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری، ہلاک دہشتگردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود بھی برآمد

دہشتگردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔ آصف زرداری

میرانشاہ (صباح نیوز) شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کے انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں کے دوران 4 اہم کمانڈر سمیت 9 دہشت گرد ہلاک کر دیے گئے۔ سیکیورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں عزم استحکام ویژن کے تحت فتنہ الخوارج کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں، سیکیورٹی فورسز میشمالی وزیرستان کے علاقے پلنگ زئی، ندیم کوٹ، کوٹ خضری میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں کیں، دہشت گردوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

بھارت کے سینئر اداکار ناناپاٹیکر 75 برس کی عمر میں چل بسے

دل کے دورے کے بعد گوا اسپتال منتقل کیا گیا جہاں ڈاکٹروں نے موت کی تصدیق کی

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت کے سینئر اداکار ناناپاٹیکر 75 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ناناپاٹیکر کو جمعرات کی صبح بے ہوشی کی حالت میں گوا کے ایک نجی اسپتال منتقل کیا گیا جہاں ڈاکٹروں نے ان کی موت کی تصدیق کی۔ ان کا انتقال بظاہر دل کا دورہ پڑنے سے ہوا۔ بھارتی میڈیا کا کہنا ہے کہ ناناپاٹیکر گوا میں واقع اپنے فلیٹ میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

پنجگور میں گھر پر دستی بم حملہ، مسلح افراد کی فائرنگ، پولیس اہلکار شہید

کوئٹہ (آئی این پی) کوئٹہ میں پنجگور کے علاقے خدابادان میں گھر پر نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے دستی بم حملے اور فائرنگ کے نتیجے میں پولیس اہلکار جاں بحق ہو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

بھارت دہشتگردی کیلئے طالبان کی مدد کر رہا ہے: جواد اجمل

انڈیا پاکستان کیخلاف دہشتگرد حملوں کیلئے مادی اور لاجسٹک معاونت فراہم کر رہا ہے

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مستقل مشن کے قونصلر محمد جواد اجمل نے کہا ہے کہ انسانی ہمدردی کی امداد کی آڑ میں بھارت طالبان حکومت کو پاکستان کے خلاف دہشت گرد حملوں کیلئے مادی اور لاجسٹک معاونت فراہم کر رہا ہے۔ پاکستان مستقل مشن کے قونصلر محمد جواد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد، وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نیشنل ہائیوے اتھارٹی میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سرکاری ہیلی کاپٹر استعمال، سہیل آفریدی سے جواب طلب

نوٹس جاری، وزیراعلیٰ کے جواب کے بعد کارروائی کا فیصلہ کیا جائے گا

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) پشاور ہائیکورٹ نے سیاسی سرگرمیوں اور احتجاجی لانگ مارچ کیلئے سرکاری وسائل کے مبینہ استعمال سے متعلق کیس میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی سے جواب طلب کر لیا۔ چیف جسٹس ایس ایم عتیق شاہ کی سربراہی میں پشاور ہائیکورٹ کے 2 رکنی بنچ نے مسلم لیگ (ن) کے رکن صوبائی اسمبلی قاری ظاہر کی جانب سے دائر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

لیپہ، 50 سالہ شخص پہاڑ سے گہرکر جاں بحق

ہٹیاں بالا (بیورو رپورٹ) وادی لیپہ کے گاؤں انٹلیاں میں افسوسناک حادثے کے نتیجے میں تقریباً 50 سالہ شخص پہاڑ سے گھاس لاتے ہوئے پاؤں پھسلنے کے باعث گہری کھائی میں گر کر جاں بحق ہوگیا، علاقہ کی فضا سوگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

کرک میں مسلح افراد کی فائرنگ سے SHO سمیت 2 اہلکار شہید

سرچ آپریشن شروع

نیوکڑپہ کے مقام پر مسلح افراد کی پولیس پر فائرنگ کے نتیجے میں SHO بانڈہ داؤدشاہ داؤد، ان کے گنر فرہاد شہید ہوگئے

واقعے میں ملوث مسلح ملزمان کی گرفتاری کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کرک

کرک (صباح نیوز) کرک میں پولیس پر فائرنگ سے ایس ایچ او بانڈہ داؤدشاہ داؤد خان اور گن مین شہید اور ایک راہ گیر زخمی ہوگیا ڈی پی او کرک عمران خان کے مطابق تھانہ بانڈہ داؤدشاہ کی پولیس معمول کے گشت پر تھی کہ کوہاٹ اور کرک کی بانڈری کے قریب نیو کڑپہ کے مقام پر دہشت گردوں نے پولیس پر فائرنگ کر دی۔ فائرنگ کے نتیجے میں ایس ایچ او تھانہ بانڈہ داؤدشاہ داؤد خان اور ان کا گن مین فرہاد شہید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

سفیر ممتاز زہرا بلوچ کانفرنس میں گفتگو کر رہی ہیں

منشیات و اسلحہ برآمدگی کیسز، پنکی کو لازمی پیش کرنے کا حکم

ویڈیو لنک کے ذریعے نقول فراہم کرنا ناممکن، عدالت حاضری لازمی ہے، ریمارکس

کراچی (آئی این پی) کراچی میں جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی کی عدالت نے منشیات اور اسلحہ برآمدگی کے کیسز میں ملزمہ انمول عرف پنکی کو پیش کرنے کا حکم دیدیا۔ ملزمہ انمول عرف پنکی کے وڈیو لنک کے ذریعے پیش نہیں کیا۔ عدالت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

لبنان میں اقوام متحدہ کی عبوری امن فوج کی چوکی پر فائرنگ

بیروت (آئی این پی) اسرائیل اور لبنان کے درمیان سرحد کے قریب کفرا شوبا کے علاقے میں واقع چوکی پر متعدد مرتبہ ہلکے ہتھیاروں سے فائرنگ کی گئی تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اقوام متحدہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

عدن ایئرپورٹ پر حملے حوثی ملیشیا کی دہشتگردی ہے، یمنی حکومت

عالمی برادری جمہوریہ یمن کی حمایت کرے، وزارت خارجہ وتارکین وطن کا بیان

عدن (صباح نیوز) یمن کی حکومت نے عدن کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر ایران کی حمایت یافتہ حوثی ملیشیا کے حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ وزارت خارجہ وتارکین وطن نے بیان میں کہا کہ حملے میں دو بیلسٹک میزائل اور دھماکہ خیز مواد سے لدے ڈرون استعمال کیے گئے۔ یہ حملہ ایک شہری پرواز کے اترنے کی تیاری کے دوران اور ہوائی جہازوں، مسافروں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

پختونخوا کے عوام مشکلات کا شکار ہیں: کیپٹن (ر) صفدر

پی ٹی آئی سیاسی جماعت ہے، اس کے اندرونی معاملات پر بات نہیں کرتا

ایبٹ آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) کیپٹن (ر) صفدر نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سیاسی جماعت ہے، اس کے اندرونی معاملات پر بات نہیں کرتا، پی ٹی آئی کے لانگ مارچ سے خیبر پختونخوا کے عوام کو مشکلات کا سامنا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیپٹن (ر) صفدر نے کہا کہ لانگ مارچ کے باعث بچوں کو سکول جانے میں مشکلات جبکہ مریضوں کو ہسپتال پہنچنے میں دشواری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کا سلسلہ کسی صورت بند نہیں ہونا چاہیے، غیر مشروط مذاکرات نہیں ہوتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

ایران پر پھر ممکنہ حملوں کے پیش نظر امریکی فوج کو تیار رہنے کا حکم

شعبہ توانائی کو بمباری کا نشانہ بنانا متوقع ہے، رپورٹ امریکی نیوز ویب سائٹ

تہران (صباح نیوز) ایران پر پھر ممکنہ حملوں کے پیش نظر فوج کو تیار رہنے کا حکم دے دیا گیا ہے، اور ڈونلڈ ٹرمپ حملوں کے وقت پر غور کر رہے ہیں۔ امریکی نیوز ویب سائٹ ایکسیوس کے مطابق امریکی حکام نے بتایا ہے کہ پینٹاگون نے کئی روز قبل امریکی سینٹرل کمانڈ کو ایران میں بڑے پیمانے پر جنگی کارروائیاں دوبارہ شروع کرنے کی تیاری مکمل کرنے کی ہدایت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

پاکستانی اور سری لنکن کپتانوں کا ٹی ٹوئنٹی ٹرافی کے ہمراہ گروپ فوٹو

پاک سری لنکا T-20 سیریز کا آج سے آغاز، ٹرافی کی رونمائی

پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم کی تقریب میں قومی ٹیم کے نئے ٹی 20 کپتان اور سری لنکن کپتان شریک ہوئے، بھرپور کوشش کروں گا ملک کیلئے بطور کپتان بہترین کارکردگی دکھا سکوں، صاحبزادہ فرحان

سرفراز احمد کی کپتانی ہمیشہ بہت پسند رہی، تمام تر توجہ ابھی سری لنکا سیریز پر ہے، نئے کپتان کی میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (سپورٹس رپورٹر) پاکستان اور سری لنکا کے درمیان ٹی ٹوئنٹی سیریز کیلئے ٹرافی کی رونمائی کر دی گئی ہے، تقریب میں قومی ٹیم کے نئے ٹی 20 کپتان صاحبزادہ فرحان اور سری لنکن کپتان کوشال مینڈس شریک ہوئے، ٹرافی کی تقریب رونمائی پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں ہوئی۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کپتان صاحبزادہ فرحان نے کہا کہ پہلی مرتبہ بطور کپتان پاکستان کی نمائندگی کا موقع مل رہا ہے، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

اسلام آباد، صدر آصف زرداری اور بحرینی وزیر خارجہ ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد، وزیر قانون اعظم تارڑ سے مسلم لیگ لارزفورم کے نمائندگان ملاقات کر رہے ہیں

شہباز شریف کی ڈیجیٹل نیشن پاکستان پروگرام پر عملدرآمد تیز کرنے کی ہدایت

وزیراعظم کو وفاقی وزارتوں نے عوامی خدمات، کارکردگی، اعداد وشمار کی مرکزی ڈیٹا سینٹر میں فراہمی پر بریفنگ دی

متعلقہ اعداد وشمار کی قومی ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر فراہمی کے لیے بروقت ضروری اقدامات مکمل کریں، وزیراعظم کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی وزارتوں میں ڈیجیٹل نیشن پاکستان پروگرام کے نفاذ پر پیشرفت کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ مختلف وفاقی وزارتوں نے اپنی عوامی خدمات، کارکردگی اور متعلقہ اعداد وشمار کی مرکزی ڈیٹا سینٹر میں فراہمی پر بریفنگ دی۔ وفاقی وزارت صحت سے متعلقہ اعداد وشمار کی مرکزی ڈیٹا سینٹر میں فراہمی اور ادویات کی معیاری تصدیق میں ڈیجیٹائزیشن کے استعمال پر خصوصی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

آئینی بنچز کی مدت میں توسیع کیلئے جوڈیشل کمیشن کا اجلاس 13 اکتوبر کو طلب

اسلام آباد (آئی این پی) جوڈیشل کمیشن کا اجلاس 13 اکتوبر کو طلب کر لیا گیا۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی جوڈیشل کمیشن اجلاس کی صدارت کریں گے، اجلاس میں سندھ ہائیکورٹ میں آئینی بنچز کی مدت میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت بغیر کسی کارروائی کے ملتوی

راولپنڈی (صباح نیوز) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت میں جی ایچ کیو گیٹ حملہ کیس کی سماعت بغیر کسی کارروائی کے 22 اکتوبر تک ملتوی کر دی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

اسلام آباد، بغیر لائسنس ادویات کی فروخت پر پابندی عائد

خلاف ورزی پر کارروائی ہوگی، وفاقی محکموں کو مراسلہ جاری کر دیا گیا

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد میں بغیر لائسنس ادویات کی فروخت پر پابندی عائد کر دی گئی۔ لائسنس کے بغیر کلینکس، فارمیسز اور میڈیکل اسٹورز ادویات فروخت نہیں کر سکیں گے، خلاف ورزی پر کارروائی ہوگی۔ سیکریٹری ڈرگ کو الٹی کنٹرول اسلام آباد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

ملک بھر کیلئے بجلی 1 روپے 11 پیسے فی یونٹ مہنگی

نیپرا کا نوٹیفکیشن جاری، صارفین سے اضافہ اکتوبر کے بلوں میں وصول ہوگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) کراچی سمیت ملک بھر کے بجلی صارفین کے لیے بجلی فی یونٹ مہنگی کر دی گئی۔ نیپرا نے بجلی مہنگی کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا جس کے مطابق بجلی 1 روپے 11 پیسے فی یونٹ مہنگی کی گئی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق بجلی اگست کے ایف سی اے کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

اسلام آباد، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے آئی ایم ایف مشن چیف مس ایوا پیٹرووا و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

ایف بی آر کی مانیٹرنگ کمپنیاں اب سیلز ٹیکس چوری روکیں گی

پیکٹ میں بند پتی، گھی، تیل کی فیکٹریوں، کارخانوں کی مانیٹرنگ ہوگی، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (آئی این پی) آئی ایم ایف کے اہداف کے مطابق سیلز ٹیکس کی چوری روکنے اور بہتر وصولی کیلئے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے نیا نوٹیفکیشن جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

قبائلی اضلاع سمیت پختونخوا میں امن وامان کی بدترین صورتحال

پشاور (آئی این پی) خیبر پختونخوا کے قبائلی اضلاع سمیت مختلف علاقوں میں امن وامان کی خراب صورتحال، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

بے گھر لبنانیوں کی مدد کیلئے حزب اللہ کو ایران سے 20 کروڑ ڈالر موصول

تہران (آئی این پی) جنگ کے نتیجے میں بے گھر ہونیوالے لبنانیوں کی مدد کیلئے حزب اللہ کو ایران سے 20 کروڑ ڈالر موصول ہوگئے۔ برطانوی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق رواں سال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

پاک فوج کا اہم اقدام، استور تا سکردو 66 کلومیٹر روڈ ٹریک مکمل

نقمہ منٹھو روڈ ٹریک کی تعمیر سے گلتری کی پھوٹا کس وادی کے 8 دیہات کا رابطہ بحال

گلگت (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک فوج نے گلگت بلتستان میں ایک اور اہم تعمیراتی منصوبہ مکمل کرتے ہوئے استور سے سکردو تک 66 کلومیٹر طویل دشوار گزار روڈ ٹریک کم عرصے میں تعمیر کر لیا۔ نئے روڈ ٹریک کی تکمیل سے دونوں علاقوں کے درمیان طویل سفر کم ہو کر محض چند گھنٹوں کا رہ گیا ہے۔ پاک فوج کی جانب سے نقمہ استور سے منٹھو سکردو تک 66 کلومیٹر طویل دشوار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad
ایڈیٹوریل
فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com
پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا
رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

پاکستان خطے اور دنیا میں اَمن کا ایک قابلِ اعتماد اور فعال داعی!

اقوامِ متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کے حالیہ دورہ پاکستان اور اسلام آباد میں اُن کی اعلیٰ ترین سطح پر ہونے والی ملاقاتوں نے ایک بار پھر عالمی سفارت کاری میں پاکستان کے کلیدی اور ذمہ دارانہ کردار کو اُجاگر کیا ہے۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری کی طرف سے سیکرٹری جنرل کو عالمی اَمن اور بین الاقوامی تنازعات کے حل میں اُن کی گراں قدر خدمات کے اعتراف کے طور پر "نشانِ امتیاز" سے نوازا جانا انتہائی خوش آئند اور بروقت اقدام ہے۔ انتونیو گوتریس نے بطور سیکرٹری جنرل اپنے طویل اور چیلنجوں سے بھرپور دور میں بڑے تدبر، غیر جانبداری اور انسانی ہمدردی کے ساتھ عالمی مسائل کو اُجاگر کرنے کی کوشش کی۔ پاکستان کے حالیہ سفارتی کردار خصوصاً امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات میں پاکستان کی کامیاب ثالثی اور اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کو ان کا سراہنا اِس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان خطے اور دنیا میں اَمن کا ایک قابلِ اعتماد اور فعال داعی ہے۔ انتونیو گوتریس اپنے دورِ اقتدار میں اقوامِ متحدہ کے پلیٹ فارم سے دنیا بھر میں جاری بحرانوں، جنگوں اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نبٹنے کیلئے مسلسل آواز بلند کرتے رہے۔ پاکستان میں 2022ء کے تباہ کُن سیلاب کے موقع پر اُنہوں نے پاکستان کا ذاتی طور پر دورہ کیا اور عالمی برادری سے امداد کی اپیلیں کیں جنہیں پاکستان کے عوام کبھی فراموش نہیں کر سکتے۔ اُنہوں نے مظلوم قوموں کی آواز بننے اور تنازعات کو ڈائیلاگ کے ذریعے حل کرنے پر زور دیا، جب ہم اُن کے منصب کی میعاد کے دوران اقوامِ متحدہ کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہیں تو یہ تلخ حقیقت سامنے آتی ہے کہ تمام تر انفرادی کاوشوں، حسنِ نیت اور سفارتی دوڑ دھوپ کے باوجود عالمی سطح پر وہ نتائج حاصل نہیں کیے جا سکے جن کی توقع دنیا اقوامِ متحدہ سے رکھتی ہے۔

مذکورہ ناکامیوں یا محدود کامیابیوں کا تعلق انتونیو گوتریس کی ذات یا اُن کی صلاحیتوں سے نہیں بلکہ اقوامِ متحدہ کے اُن پانچ بڑوں کے کردار اور نظام سے ہے جو دوسری جنگِ عظیم کے بعد قائم کیا گیا تھا۔ اقوامِ متحدہ میں حقیقی اور حتمی فیصلہ سازی کا اختیار سیکرٹری جنرل کے پاس نہیں بلکہ سلامتی کونسل کے امریکہ، برطانیہ، فرانس، روس اور چین پر مشتمل پانچ مستقل اراکین کے ہاتھوں میں ہے۔ انہیں حاصل "ویٹو پاور" نے پورے عالمی نظام کو یرغمال بنا رکھا ہے، عراق جنگ سے لیکر روس۔ یوکرین، اسرائیل، فلسطین اور اسرائیل، لبنان اور امریکہ، اسرائیل، ایران جنگ ہو یا پھر پاک بھارت جنگ، سلامتی کونسل وہ نتائج نہیں دے سکی جس کی توقع اِس سے کی جاتی تھی۔ گذشتہ کئی برسوں کے دوران جب بھی دنیا کے کسی کونے میں اَمن قائم کرنے کی کوئی موثر کوشش کی گئی یا کسی مظلوم قوم کے حق میں رائے عامہ ہموار ہوئی، پانچ بڑوں میں سے کسی نہ کسی نے اپنے اپنے مفادات کی خاطر ویٹو کے ہتھیار کا استعمال کر کے اِسے خاک میں ملا دیا۔ یوکرین کی صورتحال ہو، مشرقِ وسطیٰ میں غزہ کی تباہ کاری ہو یا دیگر علاقائی تصادم، اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل مفلوج ہی نظر آئی۔ اقوامِ متحدہ کے سیکرٹری جنرل اور ان کے ماتحت ادارے محض بیانات دینے، تشویش ظاہر کرنے اور انسانی امداد کی اپیلیں کرنے تک محدود ہو کر رہ گئے۔ اِس وقت بھی جب انتونیو گوتریس اپنے عہدے سے ریٹائر ہونے والے ہیں دنیا کے مختلف خطوں میں خونریزی جاری ہے اور لاکھوں انسان بے گھر اور بے یار و مددگار ہیں۔ اُن کی جگہ آنے والے نئے سیکرٹری جنرل کے لئے بھی یہی چیلنج منہ کھولے کھڑے ہوں گے تو وہ عالمی توقعات پر کیسے پورا اُتریں گے خاص طور پر جب تک پانچ بڑے کسی ایک بات پر متفق نہیں ہو جاتے؟ وقت کا تقاضہ ہے کہ دنیا کے پانچ بڑے طاقتور ممالک (بالخصوص امریکہ اور روس) اپنے باہمی اختلافات، جغرافیائی مفادات اور توسیع پسندانہ پالیسیوں سے بالاتر ہو کر سوچنا شروع کریں اور سلامتی کونسل کے مقاصد کو حقیقی معنوں میں پورا کرنے میں کردار ادا کریں۔

دوسری جنگِ عظیم کے بعد سلامتی کونسل میں ویٹو کا اختیار جنگوں یا عالمی جنگوں کو روکنے اور چھوٹے ممالک کے حقوق کا تحفظ کرنے کے لئے دیا گیا تھا لیکن بدقسمتی سے اب ویٹو کا یہ اختیار جنگیں جاری رکھنے کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے۔ سلامتی کونسل کے یہ بڑے جب تک اپنے معاملات درست نہیں کرتے اور ویٹو کے استعمال کو اقوامِ متحدہ کے بنیادی منشور اور انسانی بنیادوں کے تابع نہیں کرتے تب تک نئے سیکرٹری جنرل عالمی اَمن کی ضمانت نہیں دے سکیں گے۔ عالمی برادری کو محض بیانات سے آگے بڑھ کر اقوامِ متحدہ میں ساختی اصلاحات کی طرف قدم بڑھانا چاہئے، اقوامِ متحدہ کو اپنی اصل روح کے مطابق فعال بنانا ہے تو ویٹو کے بے جا استعمال کو لگام دینا ہوگی۔ عالمی اَمن کو طاقتور کے ہاتھوں یرغمال بننے دینے کے بجائے انصاف کے اصولوں پر قائم کرنا ہوگا۔

کشکول توڑنے کا عزم عملی اقدامات میں ظاہر کریں!

بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پٹرول سبسڈی سکیم جاری رکھنے پر رضامندی تو ظاہر کر دی ہے مگر ساتھ ہی یہ شرط بھی رکھ دی ہے کہ اس سکیم میں مزید صارفین شامل نہ کیے جائیں۔ عوام پہلے ہی کمر توڑ مہنگائی کا شکار ہیں اور توانائی کی قیمتوں کا ہر اتار چڑھاؤ براہِ راست ان کے چولھوں پر اثر انداز ہوتا ہے۔ ایسے میں سبسڈی کا دائرہ بڑھانے پر پابندی کا مطلب یہ ہے کہ جو طبقے اس رعایت سے محروم ہیں وہ محروم ہی رہیں گے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ اپنی ترجیحات کا تعین خود کرے اور سبسڈی کو اس طرح منظم کرے کہ اس کا فائدہ واقعی مستحق افراد تک پہنچے مگر جب پالیسی سازی کی کنجی کسی اور کے ہاتھ میں ہو تو عوام کی ضرورت اور حکومت کی خواہش دونوں ثانوی حیثیت اختیار کر جاتی ہیں۔

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزے کے مذاکرات جاری ہیں اور دونوں جانب کے حکام نے میمورنڈم آف اکنامک اینڈ فنانشل پالیسیز کی تیاری پر کام شروع کر دیا ہے۔ یہ وہی دستاویز ہے جس میں آئندہ کے لیے ہماری معاشی سمت کا تعین کیا جاتا ہے۔ اس وقت جو مطالبات سامنے آ رہے ہیں وہ ہماری قومی بے بسی کی پوری داستان سناتے ہیں۔ آئی ایم ایف کا کہنا ہے کہ صوبوں کی رضامندی سے شوگر سیکٹر کو ڈی ریگولیٹ کیا جائے، آٹو پالیسی میں الیکٹرک گاڑیوں کو دی گئی ٹیکس چھوٹ ختم کی جائے، مائنٹری پالیسی مزید سخت کی جائے اور صحت و تعلیم پر اخراجات کا ہدف کم کرنے کی تجویز بھی زیرِ غور آئی ہے۔ آخری نکتہ تو ایسا ہے جسے سن کر کسی بھی باشعور پاکستانی کا دل دہل جانا چاہیے۔ جس ملک کی بڑی آبادی ناخواندہ ہو اور جہاں سرکاری ہسپتالوں میں دوا اور بستر کے لیے لوگ در بدر پھرتے ہوں وہاں صحت اور تعلیم کے بجٹ میں کٹوتی کی تجویز قوم کے مستقبل پر ضرب لگانے کے مترادف ہے۔

یہ درست ہے کہ مالیاتی نظم و ضبط کوئی بری چیز نہیں۔ کوئی بھی ملک خسارے کے بوجھ تلے ہمیشہ کے لیے نہیں چل سکتا اور اخراجات اور آمدن میں توازن ہر معیشت کی بنیادی ضرورت ہے مگر اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہم نے یہ نظم و ضبط اپنے اندر سے پیدا کرنے کی بجائے ہمیشہ باہر سے مسلط ہونے کا انتظار کیا۔ جب تک قرض دینے والا ادارہ دباؤ نہ ڈالے ہمارے ہاں نہ ٹیکس نیٹ کی وسعت کا خیال آتا ہے، نہ شاہانہ اخراجات میں کمی کا، نہ خسارے میں چلنے والے اداروں کی اصلاح کا۔ یہ رویہ اس مریض جیسا ہے جو معالج کے ڈر سے پرہیز کرتا ہے اپنی صحت کی فکر سے نہیں۔ ہر حکومت آتے ہی خزانہ خالی ہونے کا رونا روتی ہے، آئی ایم ایف کے دروازے پر دستک دیتی ہے، سخت شرائط تسلیم کرتی ہے، عوام پر مہنگائی اور ٹیکسوں کا بوجھ ڈالتی ہے اور چند برس بعد ہم پھر اسی مقام پر کھڑے ہوتے ہیں جہاں سے چلے تھے۔ اگر یہ نسخہ شفا بخش ہوتا تو دہائیوں کے بعد ہمیں اس کی ضرورت باقی نہ رہتی۔ آئی ایم ایف کے جانے مسلسل رجوع اس بات کا ثبوت ہے کہ مرض کی تشخیص اور علاج دونوں میں کہیں بنیادی خامی موجود ہے۔ یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ بیساکھی سہارا ضرور دیتی ہے مگر جو شخص ہمیشہ بیساکھی پر چلے اس کی اپنی ٹانگیں کمزور ہوتی چلی جاتی ہیں۔

آئی ایم ایف کی طرف سے مانیٹری پالیسی مزید سخت کرنے پر زور بھی معیشت کے لیے ایک نیا امتحان ہے۔ بلند شرحِ سود نے کاروباری طبقے کی کمر پہلے ہی جھکا رکھی ہے۔ جس صنعت کار کو قرض مہنگے داموں ملے وہ نئی فیکٹری لگانے کا سوچ بھی کیسے سکتا ہے؟ جس تاجر کا سرمایہ مہنگائی اور بھاری سود میں گھل رہا ہو وہ توسیع کا خطرہ کیوں مول لے گا؟ مہنگائی پر قابو پانا ضروری ہے لیکن اگر اس کا علاج ایسا ہو کہ معاشی سرگرمی ہی دم توڑ دے تو یہ علاج مرض سے زیادہ تکلیف دہ ثابت ہوتا ہے۔

یہ ایک ناقابلِ تردید حقیقت ہے کہ معیشت کا پہیہ چلے گا تو روزگار پیدا ہوگا اور محاصل بڑھیں گے اور اسی سے قرضوں کی ادائیگی کی صلاحیت بھی بڑھے گی۔

اسی تناظر میں وفاقی وزیرِ خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کا یہ کہنا قابلِ توجہ ہے کہ پاکستان میں انویسٹمنٹ فریم ورک اور فنانسنگ دستیاب ہے۔ انھوں نے یو این ڈی پی اور وفاقی و صوبائی حکومتوں کی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ایک بالکل درست بات کہی کہ مقامی سرمایہ کاری کے فروغ پر کام کرنا ہوگا کیونکہ جب اپنے لوگ سرمایہ لگائیں گے تبھی بیرونی سرمایہ کار کا اعتماد بحال ہوگا۔ یہ ایک بنیادی حقیقت ہے۔ دنیا کا کوئی غیر ملکی سرمایہ کار اس ملک میں پیسہ نہیں لگاتا جہاں کے اپنے سرمایہ دار اپنا پیسہ باہر لے جا رہے ہوں مگر سوال یہ ہے کہ ہمارے اپنے سرمایہ دار پاکستان میں سرمایہ لگانے سے کتراتے کیوں ہیں؟ اس سوال کا جواب تلخ ہے۔ ہمارے ہاں سرمایہ کار کو تحفظ کا احساس حاصل نہیں۔ آج جو قانون ہے کل وہ بدل جاتا ہے۔ آج ایک شعبے کو مراعات دی جاتی ہیں کل ان کے مراعات کے خاتمے کا اعلان ہو جاتا ہے۔ ٹیکس کی شرحیں اچانک بڑھا دی جاتی ہیں اور منصوبہ بندی کرنے والا کاروباری شخص ہر بجٹ اور منی بجٹ کے بعد نئے سرے سے حساب کتاب لگانے بیٹھ جاتا ہے۔ پالیسیوں کا تسلسل نہ ہو تو کوئی عقلمند آدمی طویل مدتی سرمایہ کاری کا خطرہ مول نہیں لیتا۔ سرمایہ کار وہیں جاتا ہے جہاں اسے امن، یقین اور انصاف ملے۔

اب وقت آ گیا ہے کہ ہم تلخ حقیقت کا سامنا کریں۔ جب تک ہم اپنے وسائل پر بھروسا کرنا نہیں سیکھیں گے قرض کے اس چکر سے نہیں نکل سکیں گے۔ ہمارے پاس زرخیز زمین ہے، محنتی افرادی قوت ہے، معدنی دولت ہے اور جغرافیائی محلِ وقوع ایسا ہے جو دنیا کی بڑی منڈیوں کو جوڑتا ہے۔ ہماری زراعت اگر جدید خطوط پر استوار ہو تو ہم نہ صرف اپنی ضرورت پوری کر سکتے ہیں بلکہ برآمدات سے زرِ مبادلہ بھی کما سکتے ہیں۔ ہماری برآمدات کا دائرہ اگر بڑھے تو ڈالر کی کمی کا رونا بھی ختم ہو سکتا ہے مگر یہ سب تبھی ممکن ہے جب ہم کشکول توڑنے کا عزم صرف نعروں میں نہیں بلکہ عملی اقدامات میں ظاہر کریں۔

دولے شاہ کے چوہے کون؟

نوجوانوں کی محفل تھی، اُن میں سے کچھ ادیب و شاعر تھے اور کچھ شاعری سے شغف رکھتے تھے۔ سوال و جواب چل رہے تھے، میرا سینئر ادیبوں شاعروں کو پہلا مشورہ تو یہ ہے کہ نوجوانوں کو کمتر سمجھنا چھوڑ دیں۔ خاص طور پر اپنے اس زعم کو ختم کریں کہ اُن جیسا کوئی ادیب یا شاعر قدرت نے پیدا ہی نہیں کیا۔ یہ خبط عظمت دماغ میں گھس جائے تو پھر چین نہیں لینے دیتا۔ ہمارے زمانے میں ایک پروفیسر صاحب ہوا کرتے تھے انہیں خبط یا واہمہ یہ تھا کہ جو بھی ان کے پاس سے گزرتا ہے انہیں گھورتا ہے۔ کوئی سلام کرتا یا نہ کرتا وہ یہی سمجھتے سلام کیا ہے اور اس سے پوچھتے تم نے مجھے سلام کیوں کیا، کیا تم مجھے جانتے ہو۔ یہ خبطِ عظمت میں مبتلا ادیب و شاعر بھی ایسے ہی عارضے میں مبتلا ہوتے ہیں۔ کسی نے کوئی بات سچ لکھ دی تو اسے اپنے بارے میں سمجھ کے جو منہ میں آئے بکنے لگیں گے یہ جو نئی نسل ہے اور ادب میں آنا چاہتی ہے وہ ان سب باتوں اور تہمت زدہ عادتوں کو بڑی اچھی طرح سے جانتی ہے۔ اس سے محتاط اور بچنے کی ضرورت ہے مثلاً نوجوانوں کی اس محفل میں مجھ سے ایک نوجوان شاعر نے یہ سوال پوچھا اہلِ ادب میں حسد کی بیماری کچھ زیادہ نہیں ہوتی۔ اب میں جھوٹ بولتا تو کہتا نہیں نہیں، یہ تو بڑے کھلے دل کے لوگ ہوتے ہیں۔ کسی شاعر یا ادیب کو اعزاز ملے تو خوش ہوتے ہیں، کیچڑ نہیں اچھالتے نہ ہی گھٹیا ذہنیت کا اظہار کرتے ہیں مگر صاحبو! اگر میں یہ جھوٹ بولتا تو نوجوانوں کی آنکھوں میں میرے لئے جو حیرت یا نفرت آئی تھی وہ شاید میں برداشت نہ کر سکتا۔ میں نے کہاں ہاں نوجوانو، ادیبوں شاعروں کے اندر اس حسد کی بیماری کے جراثیم کچھ زیادہ ہی ہوتے ہیں۔ ایک دوسرے کو نیچا دکھانے اور اپنے لئے راہ نکالنے کی خاطر یہ وہ کچھ کر جاتے ہیں، جسے سوچ کر بھی گھن آتی ہے۔ یہ بیماری کسی ایک شہر میں نہیں پھیلی ہوئی بلکہ یہ ذہنی پولیو ہر شہر میں موجود ہے۔ یہ عُن کر انہوں نے ایک عجیب بات کی، انہوں نے کہا ہم نوجوانوں نے جو آپ کے سامنے بیٹھے ہیں یہ فیصلہ کیا ہے کہ کبھی ایک دوسرے سے حسد نہیں کریں گے۔ ایک دوسرے کی کامیابیوں کو، اچھی تخلیقات کو دل کھول کر سراہیں گے۔ میں نے سوچا یہ کتنی اچھی خبر ہے کہ آج کی نئی نسل ان خامیوں کا ادراک کر رہی ہے جو ہم سے سرزد ہوئی ہیں اور جن پر ہم آج بھی کاربند ہیں۔

کل ایک ایسی بیٹھک میں جہاں اہلِ قلم، اہلِ اختیار، صنعت کار، صحافی اور مختلف شعبوں کے افراد بیٹھے تھے۔ یہ بحث چل نکلی کہ آج کی نوجوان نسل وضع داری، رکھ رکھاؤ اور صبر و قناعت بھول گئی ہے۔ شرکا یہ مثالیں دینے لگے ہم اپنی بزرگ نسل کا ہر حکم دل و جان سے قبول کرتے تھے۔ انہوں نے جو کہہ دیا، وہ ہمیں پسند ہے یا نہیں، اسے مانتے تھے، مگر آج کی نئی نسل آگے سے دلائل دیتی ہے۔ بحث کرتی ہے۔ یہ نافرمانی اس میں کیوں آ گئی ہے؟ سب نے اپنی اپنی رائے دی جب میری باری آئی تو میں نے کہا ہم جس عمر اور نسل کے لوگ ہیں، کیا ہماری جوانی کے دنوں میں ہمیں اتنے چیلنجوں کا سامنا تھا، جن کا سامنا یہ نسل کر رہی ہے۔ غالب نے تو نجانے کس وجہ سے یہ کہا تھا، کعبہ مرے پیچھے ہے کلیسا مرے آگے۔ آج کی نسل تو واقعی اس عہد سے گزر رہی ہے اسے گھر کے اندر ہم اپنے اصولوں، رسم و رواجوں اور عادتوں کا اسیر رکھنا چاہتے ہیں، انہیں یہ باور کراتے نہیں تھکتے کہ تمہارے آباؤ اجداد کی روایات یہ تھیں، وہ تھیں، لیکن گھر کے اندر ان کے پاس ایک موبائل بھی ہوتا ہے، جس کی کھڑکی دنیا کی طرف کھلتی ہے۔ ایسی دنیا کی طرف جو ہماری طرح کے جھوٹ، منافقت اور ریاکاری سے پاک ہے۔ یہ نسل جب گھر سے باہر جاتی ہے تو اسے بے صبری، عدم برداشت، مکر و فریب اور دھوکے بازی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ تعلیمی اداروں میں جو علم پڑھایا جاتا ہے عملی زندگی انہیں اس کے بالکل برعکس نظر آتی ہے۔ پھر اس نسل کا ذہن بہت تیز ہے۔ آرٹیفیشل انٹیلی جنس جیسے ہتھیاروں سے لیس اس نسل کو ہم اپنی ڈگر پر چلانے کی کوشش کر رہے ہیں اس زمانے کی باتیں کر رہے ہیں جب گلی محلوں میں شام کو بیٹھ کے گپ لگانے کے سوا کوئی کام نہیں ہوتا تھا۔ موبائل میں سب کچھ اس کی دسترس میں آ گیا ہے۔ اس کی اخلاقیات کو بے شمار خطرات لاحق ہو چکے ہیں۔ اسے سہارا ہمارے اچھے کردار، ایماندارانہ زندگی، نرمی اور اخلاص سے مل سکتا ہے مگر ان سب کو تو ہم اپنی زندگیوں سے نکال چکے ہیں۔ عملی زندگی کی اس دوعملی کے باعث آج کے نوجوان کو جھنجھلاہٹ نے پریشان کر رکھا ہے۔ اب ایسی نسل سے ہم اگر یہ توقع کر رہے ہیں کہ وہ روبوٹ کی طرح کام کرے، ہمارے ریموٹ کے اشاروں پر ناچے، ہماری ہر بات پر کورنش بجا لائے تو یہ ہماری بھول ہے۔

نسیم شاہد
nasimshahid7@hotmail.com

کلامِ اقبال

تیری عمرِ رفتہ کی اک آن ہے عہدِ کہن
وادیوں میں ہیں تیری کالی گھٹائیں خیمہ زن
چوٹیاں تیری ثریا سے ہیں سرگرمِ سخن
تو زمیں پر اور پہنائے فلک تیرا وطن
(بانگِ درا)

پوپٹ (نمک پارے) اور یادِ ماضی!

سٹلجیا انگریزی کا لفظ ہے جس کا مفہوم اب عام فہم ہے لیکن ہم تو یادِ ماضی ہی کہیں گے کہ انگریزی کے اس لفظ کے معنی اس پر پورے نہیں اترتے۔ شاعر نے تو یادِ ماضی کو عذاب کہا اور حافظ تو چھین لینے کی دعا کی لیکن یہ ہر یاد سے بڑی دعا نہیں ہو سکتی۔ شاعر شاید تلخ ماضی کی بات کرنا چاہتے تھے اگرچہ ماضی صرف ناخوشگوار ہی نہیں خوشگوار بھی تو ہوتا ہے اگرچہ گرما گرم موضوع مولانا فضل الرحمن کی پُرمعنی گفتگو اور کرکٹ ٹیموں کی سلیکشن بھی ہے لیکن یہ اب اتنے عام ہو گئے کہ سیر صبح کی محفل میں زیرِ بحث نہیں آئے وہاں ناشتہ ہی زیرِ غور آیا، ماضی کے حوالے سے جو عرض کیا تو دراصل یہ خود پر طاری کیفیت کے حوالے سے ہے کہ قریباً ایک ہفتے سے میں اپنے اس ماضی میں گھویا ہوا ہوں جب چوک نواب صاحب کے رفیق عرف فیقا پہلوان اور حاجی لال دین حلوائی یاد آئے اور اب تک یاد آتے چلے جا رہے ہیں اس کے ساتھ ہی وہ دور بھی یاد آ رہا ہے جب ہم زیرِ تعلیم اور لڑکے تھے یہ سب حضرات ہمارے چچا تھے ان سے پسند کی شے لینے کے لئے شور کرتے تو ڈانٹ بھی سنتے۔

قصہ یہ ہے کہ چار روز قبل میری بیٹی (بہو) شام کو گھر آئی تو اپنے ساتھ نمک پارے لیتی آئی جو مجھے بہت پسند ہیں، ذرا رکئے اس سے پہلے کہ نمک پاروں کی آمد اور ان کے اثرات کا ذکر کروں یہ عرض کروں کہ آج جو نمک پارے کہلاتے ہیں، یہ ہمارے شہر اور بچپن میں پوپٹ کہے جاتے تھے، نمک پارے تو شاید کہیں بعد میں شہر سے باہر کہلائے اور پھر پوپٹ معدوم ہو گئے اس کی وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ اس دور میں پوپٹ ذو معنی لفظ تھا، نمک پارے تو پوپٹ تھے ہی لیکن خوبصورت اور نازک مزاج فرد کو بھی پوپٹ کہہ دیا جاتا تھا۔ ممکن ہے یہ تشبیہ نمک پاروں کی پسند کی وجہ سے ہو کہ اس دور میں جب ہم طالب علم اور بچے کہلاتے تھے تو یہ پوپٹ بہت ہی پسندیدہ مٹھائی تھی اگرچہ یہ نمکین ہوتے ہیں اور بعد میں اسی وجہ سے نمک پارے کہلائے ہوں گے۔

تمہید ذرا طولانی ہو گئی، بات تو یہ کرنا تھی کہ بیٹی نے جب ہماری پسند کی یہ شے ہمیں دی تو دیکھتے ہی حیرت کا ایک جھٹکا لگا اور بچپن کے ساتھ ہی اندرون شہر لاہور کی وہ ساری زندگی یاد آ گئی جو ہنستے کھیلتے گزاری تھی، جو نمک پارے دیئے گئے وہ بہت خستہ اور چھوٹے چھوٹے کٹے ہوئے تھے اور میرے سامنے یہ کئی سالوں بعد آئے کہ حالیہ دور میں بڑی سے بڑی دکان سے بھی یہ سائز، خشک اور مزے دار نمک پارے نہیں ملے تھے جہاں سے بھی لئے وہ بڑے بڑے ہوتے اور بعض ڈھیلے بھی ہوتے لیکن یہ بہت خستہ اور بالکل ویسے تھے جیسے بچپن میں فیقا پہلوان کی دکان سے لے کر کھایا کرتے تھے، میں نے عرض کیا کہ چوک نواب صاحب میں رفیق پہلوان اور حاجی لال دین کی مٹھائی کی دکانیں تھیں، صبح کا ناشتہ حلوہ پوری، سادہ اور قیمہ والا قسمہ ملتا اور یہ سب خستہ اور دیسی گھی میں تلے ہوتے تھے۔ چھٹی کے روز یہ ناشتہ بھی چلتا تاہم روز کے معمول میں شام کے وقت جب مٹھائی کی فروخت کا سلسلہ شروع ہوتا تو تازہ تازہ نکلے پوپٹ (نمک پارے) کھانے کا جو لطف تھا وہ شہر سے چلے آنے کے بعد سالوں سے اب تک نہیں آیا تھا لیکن میری بیٹی نے جو نمک پارے دیئے وہ واقعی پوپٹ تھے اور میں تین روز تک کھاتا اور لطف اندوز ہوتا رہا ہوں۔

آپ ذرا تصور کریں کہ ہمارے اس چوک نواب صاحب کی صرف یہ پوپٹ، مٹھائی اور ناشتہ ہی خصوصیت نہیں تھے بلکہ یہاں ایک دکان نان

چمن ہری خادم حسین
ckhussain@hotmail.com

پکوڑے کی بھی تھی، چاچا کماں شام سے تھوڑی دیر پہلے ڈیرہ جماتے اور کڑاہی گرم کر لیتے، سرسوں کے خالص تیل میں پکوڑے، آلو اور بیگن تلتے، دکان پر بھیڑ ہوتی اور خریداروں کا ہجوم ہوتا، ہم بھی پکوڑے لینے آتے اور شور مچاتے تو ڈانٹ کھاتے۔ یہ پکوڑے اتنے خستہ اور لذیز ہوتے کہ ایک خاص موسم میں گھروں میں تنور کی روٹی کے ساتھ ڈنر ہوتا تھا، یوں یہ چوک شام کو پر رونق ہوتا جبکہ دن کے وقت ناشتہ ہوتا تو سامنے ہی دودھ دہی کی دکان سے لسی بھی لی جاتی، اگر پوری نہ لینا ہوتی تو پھر کلچے لے کر دہی اور لسی سے ناشتہ ہو جاتا تھا۔

آج کل لاہور ہیری ٹیج کا بہت چرچا ہے۔ تاریخی عمارتیں بحال ہو رہی ہیں، ان کے حوالے سے تاریخ کے ورق الٹ کر کتابیں لکھی جا رہی ہیں لیکن وہ سوشل لائف (زندگی) جو اس شہر کی جان تھی اس کا ذکر نہیں ہوتا، آج کل ماڈرن اور بدیسی کھانوں کا بہت شہرہ ہے لیکن جو لطف حاجی عبدالرحمن (مقتول) کے کبابوں کا تھا وہ آج تک کہیں اور نہیں ملا۔ ان کبابوں کی خوبی یہ ہے کہ قیمے اور پیاز کا کمپچر اس قدر بہترین ہوتا ہے کہ اب سادہ بھی کھایا جائے تو مزہ دیتا ہے اگرچہ ہم یہ کباب دیسی گھی میں تل کر کھاتے تھے دیسی گھی کے ذکر سے عرض کر دوں کہ تب یہ خالص دیسی گھی تین سے چار روپے سیر کے درمیان ملتا تھا۔ دنا پتی گھی اور پکانے کے آئل کا کوئی تصور ہی نہیں تھا، وہ دور ایسا تھا جب بکرے کا گوشت بھی ایک روپے کا سیر بکتا تھا، مجھے گھر سے چار آنے دے کر بھیجا جاتا اور میں چاچا قصائی کی دکان پر جا کر سلام کرتا اور ایک پاؤ گوشت مانگتا جو چار آنے میں ملتا۔ قصاب گوشت کا ٹکڑا اتار کر صاف کرتا اور پھر ترازو میں تولتا اور پلڑا گاہک کی طرف جھکا ہوتا تھا ایک پاؤ گوشت اور سبزی گھر کے لئے کافی ہوتا، آج کے دور میں ڈیجیٹل کانٹے ہیں جو دکان دار نرخ کے حساب سے سیٹ کرتا ہے تین ہزار دو سو پچاس روپے کلو کا گوشت چھچھڑوں سمیت تولا جاتا ہے اور ڈیجیٹل کانٹا تو معمولی سی بوٹی کے بھی 25 گرام گرا دیتا ہے یوں جو کلو گوشت لیا جائے وہ 850 یا 800 گرام ہی رہ جاتا ہے کہ صفائی کے بعد یہی صورت ہوتی ہے۔

قصہ مختصر کہ ہماری بیٹی کو لبرٹی میں جو دکان ملی اس نے مجھے میرا لڑکپن ہی یاد نہیں کرایا سارا ماحول پھر سے آنکھوں کے سامنے فلم کی طرح چلنے لگا ہے اب اس چوک میں یہ دکانیں نہیں اور وہ بزرگ اللہ کو پیارے ہو چکے، اللہ ان کی مغفرت فرمائے۔

اشاعتِ خاص

بری سرکار سے مانسر شریف تک سفر

تحریر۔ سید مشرف کاظمی

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی داستانی اور راستے کے لئے ایادیا عوام کو جو دعا کی اے کے نے شانوں کی رہنمائی کے لے جانے یا ہی اقتدار اور اسلام کی آختیاری کردی سرکار دو عالم اتے ہیں جو آخری کی قرار پائے۔ اس لیے ہے کا نظام ہوتا ہے تو انسانوں کی رہنمائی کے لئے اتے اور اہے اور بار کال کیا۔ وانا کرام نے کام لیں۔ اب ان اقبال نے اس کا کان ارکان کا تو اکاری کی داری و تاخیری کا سالوں میں جناب حضرت آدم کو دنیا اور ان میں ہی بات کے کرایا ہے قاد کیا گیا۔ جناب آریتم وصرف پہلے کی آرہانے یکہ انسار ہنے کا انداز کی آپ سے ہوا اور کرتا ہے میں اپنے والی اشراقی الھواں آپ کی مالدار قرار وتی انسانی آبادی املات کی اور انسان کرتے رہے۔ پالک بات کار این اسرای ایرانی ای وند و یا گرنے کا کیا اپنے والی استانی کا مینار شے کی بوائے ان کے خون سے ہاتھ رکھیں کرتا ہو ان کے اور الوان ما مال انسان میان ان دری کا وہاں اسے رہے۔ اللہ تعالیٰ نے کم



وہاں کر پاتیں اور ظاہراں والا میں ہونے خوا کے مالی بازی ای بی ا این الی نام کاری ماری اور علی اور ماں الہ دین ہلم میں ماہ کے اور بہت کام دے کر دیا گیا۔

آن بر در ایران اور آخری کی ہیں۔ لیکن اللہ انان نے کا اونٹ انسانی کو ہے اور روانی سے بچانے کیلئے دایت کا مادر کون دلاں ہم اسلامی ممالک السلام کے مشیر اک والے میں رکھتے ہیں کہ ایک اسلام کے مشیر ایت اللہ میں رہتے ہیں کہ ایک را دارای گام مہم ترین ایک اہل علاقہ اور مسلکی پانہ کہاں سے بالاتر ہو کر جھو ل تھا کو باتیں پاپ کر رہا ہے۔ وطن عزیز میں ہوتا تے میں اہم کر دیا کہ یہاں اسے دی جاتی ہوارے کیا کیا دورامی دایاں ہے علی پاک والد اور اسلامی تعلیم کا زرون اور دن ان کے کی سالی کوریا کا کردار قادر اور سرامی شاہ اخترت سے کلی کرد باشاہ با حضرت کاری روی دیوار جہاں اوائل اترتے ہوں سائیں کل سرکار ناظر ہے میرا جو اللہ داد تا این حضرت او بر این الریان باشی آپ امیر شریف حضرت عروہ قریں تو نہ کیا کیا شاد مازی حضرت سید نظر شیر حیدلی دی ای شاہ خبری اترے شاہ مہیا کیے اترنے سے کئی معلم اور جہاں اترتے ہیں اور کے بادشاہ اور ایک کے ملاقات میں ایک ہون والیہ اور ان کی شالعالی ہے سے اور ہی ہوئی کہ جب پاکستان کا کم ہوا تو تیرے سے آنے والے مہاجرین کے لیے یہاں ایک کپ ام اس آگ کی شرت ایک مرکز پائی کے حوالے سے جہاں روایت کے می داند جواب آرام کر رہے ہیں۔ ان لہرانے کی رات ان کی پہلے مدد اور دیا گیا ہے کو ان کا داری امید ہے کہ سال ان کا کلام و ایشامان مکان کے ہم سے ان کیا ہے کہ یہاں وادی ان ای میرے سے آگے والے کے وہاں سے چلے نے سانے کے اور کمائی ہے۔ جس طرح کہ حضرت نے برما کی اس ارکان سے گزرے تو آپ نے کربلا کہ کیسے اس دہی سے زوار نے ابدالی یہاں کے ماں کے انسان ہو یا اس ایرانی اور ہے کا عالی ایمان آئے وہ خانہ ا کرو کی صورت میں ایک دریا کی اللہ اقرار کر کے اس کی مولتی آئی ہمارا ایک عالم کو ہرا ہے کہ دہ

















































































اسلام آباد، چیئرمین قائمہ کمیٹی سید مصطفیٰ محمود کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صومالیہ میں شہید پاکستانیوں کے لواحقین میں چیک تقسیم

گورنر سندھ نے شہداء کے لواحقین کو مالی معاونت کے چیک پیش کیے

کراچی (بیورو رپورٹ) گورنر سندھ نہال ہاشمی نے وزیراعظم کی خصوصی ہدایت پر وفاقی حکومت کی جانب سے صومالیہ میں شہید ہونے والے پاکستانیوں کے لواحقین میں مجموعی طور پر ایک کروڑ 25 لاکھ روپے کے چیک تقسیم کیے۔ پی آئی ڈی اعلامیہ کے مطابق گورنر سندھ نے شہداء کے لواحقین کو مالی معاونت کے چیک پیش کیے، یہ چیک شہید محمود انصاری، شہید سید کاشف عمر اور شہید روف اللہ خان کے لواحقین کو دیے گئے۔ اس موقع پر شہداء کے لواحقین نے وزیراعظم شہباز شریف اور حکومت پاکستان کا شکریہ ادا کیا۔ شہید روف اللہ خان کے بھائی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے مشکل کی گھڑی میں شہداء کے خاندانوں کا ساتھ دیا ہے۔ شہید سید کاشف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

کیس لاہور کے زیر اہتمام گول میز مباحثے کا انعقاد

اہل علم، ماہرینِ اور پالیسی ساز علاقائی اور بین الاقوامی سلامتی کے اہم امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز (کیس)، لاہور نے ۷ اکتوبر ۲۰۲۶ کو "انسانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد، سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز کے زیر اہتمام گول میز کانفرنس کے بعد مہمانوں کا گروپ فوٹو

پختونخوا میں PTI کی 13 سالہ حکمرانی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، امیر مقام

صوبے اور عوام کے حقیقی مسائل پر صوبائی قیادت اور وزیراعلیٰ کی توجہ دکھائی نہیں دیتی، روزانہ دہشت گردی واقعات رونما

عوام کو مسائل کے حل، امن و امان کی بہتری اور مؤثر حکمرانی کیلئے عملی اقدامات کی ضرورت ہے، وفاقی وزیر کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (نیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اور مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما انجینئر امیر مقام نے خیبر پختونخوا میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی گزشتہ 13 سالہ حکمرانی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے صوبائی حکومت پر عوامی مسائل سے عدم توجہی کا الزام عائد کیا ہے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے امیر مقام نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کو مسلسل 13 سال سے اقتدار حاصل ہے، تاہم اس کے باوجود صوبے اور عوام کے حقیقی مسائل پر صوبائی قیادت اور وزیراعلیٰ کی توجہ دکھائی نہیں دیتی۔ ان کا خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورتحال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

جامعہ علوم اثریہ کے زیر اہتمام فری آئی کیمپ 14 اور 15 اکتوبر کو ہوگا

ڈاکٹرز جدید ترین طبی آلات کی مدد سے مریضوں کا معائنہ اور علاج تجویز کریں گی

جہلم (نامہ نگار) جامعہ علوم اثریہ، مشین محلہ نمبر 1، جہلم کے زیر اہتمام اور الابراہیم آئی ہاسپٹل ملیر، کراچی کے زیر انتظام 24 واں سالانہ دوروزہ فری آئی کیمپ 14 اور 15 اکتوبر 2026ء بروز بدھ اور جمعرات کو سفید پوش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14) منعقد کیا جا رہا ہے، جس میں آنکھوں کے تفصیلی معائنے، چیک اپ اور آپریشن کا وقت صبح 00:8 بجے سے لے کر شام 00:6 بجے تک مسلسل مقرر کیا گیا ہے۔ غریب، مستحق اور

سی ٹی او اسلام آباد کا ٹریفک پولیس ہیڈکوارٹرز کا دورہ

تعمیراتی کام کا جائزہ، نمایاں کارکردگی پر ٹریفک پولیس آفیسر کی حوصلہ افزائی کی

اسلام آباد (نمائندہ۔شہر نامہ) چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان کا ٹریفک پولیس ہیڈکوارٹرز کا دورہ۔ سی ٹی او اسلام آباد نے تعمیراتی کام کا جائزہ لیا، مزید براں نمایاں کارکردگی پر ٹریفک پولیس آفیسر کی حوصلہ افزائی بھی کی۔ تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

گوجر خان: دیرینہ تنازع کا راضی نامہ، فریقین میں صلح کروا دی گئی

فریقین کے درمیان تنازعہ تھانے تک پہنچ چکا تھا اور مقدمات بھی درج ہو چکے تھے

گوجر خان (بیورو رپورٹ) گوجر خان سٹی محلہ حافظ آباد وارڈ نمبر 5 میں چوہدری مشتاق، محمد افضل، محمد رمضان، محمد مہربان کے پسران اور محمد طارق کے درمیان ہونے والے تنازع کا باہمی راضی نامہ کرا دیا گیا۔ صلح کے لیے پنچائیت سابق امیدوار کونسلر و سماجی و سیاسی رہنما راجہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

مری گاڑیوں کی فٹنس اور پرمٹ دفاتر قائم نہ ہو سکے

گاڑی مالکان کو اضافی سفری اخراجات، وقت کے ضیاع اور مختلف مشکلات کا سامنا

مری (نمائندہ۔شہر نامہ) ضلع مری کا درجہ ملنے کے باوجود شہریوں کو بنیادی انتظامی سہولیات کی فراہمی تاحال ایک اہم مسئلہ بنی ہوئی ہے۔ مری اور گردونواح میں ٹریفک حادثات کے واقعات کے پیش نظر گاڑیوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

وفاقی، صوبائی اور مقامی سول سروسز کی ازسرنو تشکیل ناگزیر ہے، افضل چن

صوبوں کو انتظامی، مالی اور انسانی وسائل کا نظام بھی تشکیل دینا ہوگا، دانیال چوہدری

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) ماہرین نے کہا ہے کہ سول سروسز کے موجودہ نظام میں وفاقی اور صوبائی اختیارات کے درمیان موجود خلا صوبائی انتظامیہ، صوبائی اسمبلیوں اور مقامی حکومتوں کی مؤثر کارکردگی کو متاثر کر سکتا ہے، اس لیے سول سروسز کو آئینی وفاقی ڈھانچے کے مطابق ازسرنو منظم کرنے کی ضرورت ہے۔ ماہرین کے مطابق صوبوں کو حقیقی انتظامی خودمختاری دینے کے لیے ان کے انتظامی، مالی اور انسانی وسائل کا نظام بھی صوبائی اختیار کے مطابق تشکیل دینا ہوگا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

کراچی میں عشائیے کے دوران نئے ملائیشین قونصل جنرل کا خیر مقدم

پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان دوستی، ثقافتی تبادلے اور دیرینہ تعلقات کی عکاس

کراچی (پ ر) کراچی جمخانہ میں ایک پروقار عشائیے کی میزبانی جناب خرم خلیل نمبی تال والا، چیف آپریٹنگ آفیسر (COO)، میڈی کیم گروپ آف کمپنیز، اور چیئرمین، پی پی ایم اے (PPMA) ساؤتھ نے نئے تعینات ہونے والے قونصل جنرل، عزت مآب جناب محمد یونس ابراہیم، قونصل جنرل ملائیشیا کراچی، اور ملائیشیا کے دورہ کرنے والے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

کراچی میں عشائیے کے بعد نئے ملائیشین قونصل جنرل کا خرم خلیل نمبی تال والا و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

ڈینگی کیخلاف مؤثر اقدامات، اولینڈی مین صورتحال بہتر ہے، طاہر اورنگزیب

حساس علاقوں میں گھروں اور ہاٹ سپاٹس کی باقاعدگی سے چیکنگ، لاروا کی نشاندہی اور ٹارگٹڈ فوگنگ جاری ہے

THQ ہسپتال گوجر خان ماسسٹنٹ کمشنر کا دورہ، 7 سینیٹری ورکرز برطرف

ہسپتال میں صفائی کے مؤثر انتظامات، عملے کی بروقت حاضری یقینی بنانے کی ہدایت

گوجر خان (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان سیدہ زینب حسین نے ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کی ہدایات پر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجر خان کا دورہ کیا جہاں انہوں نے ڈاکٹرز و دیگر عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

مکہ دفاعی معاہدے کا عملی نفاذ!

سہ فریقی مکہ دفاعی معاہدے کی سٹریٹیجک پولیٹیکل اینڈ ڈیفنس کمیٹی کے ہنگامی اجلاس میں حرمین شریفین کے تحفظ اور خلیج کی خودمختاری کو درپیش خطرات کے پیش نظر معاہدے کو فوری طور پر آپریشنل کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق دفاعی اتحاد کے تحت پاکستان اور ترکیہ کی افواج کو فوری طور پر سعودی عرب میں تعینات کیا جائے گا تاکہ کسی بھی ممکنہ جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا جا سکے۔ یہ فیصلہ نہ صرف مشرق وسطیٰ بلکہ مسلم امہ کے مجموعی سکیورٹی ڈھانچے میں ایک نئے عہد کا آغاز ہے جو روایتی دفاعی حکمت عملیوں کو یکسر بدل دے گا۔ پاکستان کے عسکری ترجمان نے واضح کیا ہے کہ پاکستان کے جو فوج پہلے سے وہاں موجود ہیں، ان کو ہی نئی قیادت کے تحت سعودی عرب کے اندر حساس مقامات کے دفاع کے لئے تعینات کیا جائیگا، یہ بات بھی واضح ہے کہ پاکستان اور ترکیہ کے فوجی صرف اندرون ملک اور دفاعی مقاصد کے لئے تعینات ہونگے، کسی ملک کے خلاف نہیں جائیں گے، لیکن ان کی تعیناتی کے بعد سعودی عرب کے اپنے فوجی فری ہو جائیں گے، جو ممکنہ طور پر یمن میں جاری جنگ میں شامل ہوں گے، سعودی عرب کی سرزمین پر ٹرک اور پاکستانی افواج کی تعیناتی عسکری نقطہ نظر سے انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ یہ تزویراتی اقدام تینوں برادر ممالک کے مابین اعلیٰ ترین سطح کی جنگی تیاریوں، فوجی انضمام اور عصر حاضر کے سکیورٹی چیلنجز کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت میں اضافے کا سبب بنے گا۔ جب مسلم دنیا کے تین مختلف جغرافیائی اور تزویراتی پس منظر رکھنے والی افواج ایک مشترکہ کمانڈ کے تحت یکجا ہوں گی تو ان کی آپریشنل صلاحیتیں کئی گنا بڑھ جائیں گی۔ پاکستان کی روایتی جنگی مہارت اور دہشت گردی کے خلاف طویل تجربہ اور ترکیہ کی جدید نیوٹرز کی عسکری صلاحیتیں سعودی عرب کے دفاعی وسائل کے ساتھ یکجا ہوں گی تو ایک ناقابل تسخیر حصار قائم ہوگا۔ یہ فوجی انضمام مشترکہ فضائی مشقوں، انٹیلی جنس شیئرنگ اور جدید جنگی ہتھیاروں کے باہمی تبادلے کو بھی فروغ دے گا جس سے خطے میں طاقت کا توازن برقرار رکھنے میں مدد ملے گی۔ مکہ معاہدے کو عملی شکل دینا۔ ملکی اجتماعی دفاع کے عزم کی ساکھ اور اثر انگیزی میں بے پناہ اضافے کا باعث بنا ہے۔ بین الاقوامی تعلقات میں معاہدے تو بہت کیئے جاتے ہیں لیکن ان کی اصل طاقت ان کے عملی نفاذ میں پنہاں ہوتی ہے۔ رواں سال اگست میں مکہ معاہدے پر دستخط کے بعد محض دو ماہ میں اسے عملی طور پر نافذ کر دینا دنیا بھر بالخصوص دشمن قوتوں کیلئے ایک واضح پیغام ہے۔ یہ اقدام ثابت کرتا ہے کہ اسلام آباد ریاض اور انقرہ کے مابین جو سکیورٹی اتحاد قائم ہوا تھا وہ کوئی رسمی اعلان نہیں بلکہ خطے میں پائیدار امن کے قیام کی ایک حقیقی اور پختہ کاوش ہے۔ اس فیصلے کے بعد کوئی بھی مخالف قوت خلیجی ممالک کی سلامتی پر نظر ڈالنے سے پہلے سو بار سوچے گی۔ سعودی عرب کی سرزمین پر پاکستانی اور ترک افواج کی باقاعدہ تعیناتی سے نہ صرف علاقائی دفاع مضبوط ہوگا بلکہ مشرق وسطیٰ میں دیرپا استحکام کے قیام میں بھی مدد ملے گی۔ گزشتہ چند دہائیوں سے یہ خطہ پراکسی جنگوں اور غیر ریاستی عناصر کی مہم جوئی کا نشانہ بنا رہا ہے اور اب بیرونی مداخلت اور مسلط کی گئی جنگوں سے نہ صرف خطے کا امن بلکہ عالمی معیشت اور انرجی سکیورٹی بھی داؤ پر لگ چکی ہے۔ ایسے میں دو بڑی اور منظم مسلم عسکری قوتوں کی سعودی عرب میں موجودگی ایک سکیورٹی بفر کا کام کرے گی جو خطے میں طاقت کے خلا کو پر کرے گی۔ پاکستان نے ہمیشہ سعودی عرب کے ساتھ اپنی غیر متزلزل حمایت اور یکجہتی کا اظہار کیا ہے اور یہ معاہدہ پاکستان کے عزم کا عملی اظہار ہے۔ دوسری جانب حالیہ تجربات سے یہ بات بھی ثابت ہو چکی کہ خلیجی ممالک کے دفاع کیلئے اٹلانٹک پار کی طاقتوں پر انحصار نہیں کیا جا سکتا۔ تاریخ شاہد ہے کہ جب بھی اس خطے پر کوئی افتاد پڑی، مغربی طاقتوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2 1)

رخت سفر

بشارت کھوکھر

پاکستان، سری لنکا ٹوئنٹی سیریز کا آغاز جمعہ کو راولپنڈی میں ہوگا

تین میچوں کی سیریز میں دونوں ٹیمیں نو، گیارہ اور تیرہ اکتوبر کو مدمقابل ہوں گی

راولپنڈی (پی پی اے) پاکستان اور سری لنکا کے درمیان تین ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچوں پر مشتمل سیریز کا آغاز جمعہ 9 اکتوبر سے راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں ہوگا۔ سیریز کے تمام تینوں میچز 11، 9 اور 13 اکتوبر کو راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے میچز کا آغاز شام 6 بجے ہوگا جبکہ ٹاس ساڑھے 5 بجے ہوگا۔ پاکستان میں سیریز کے میچز پی ٹی وی سپورٹس پر براہ راست نشر کیے جائیں گے

مری فنڈز کی عدم دستیابی، سڑکوں کی مرمت متاثر، ٹھیکیدار مالی مشکلات کا شکار

فنڈز کی بروقت عدم فراہمی کے باعث متعدد منصوبوں پر کام رک گیا ہے

مری (نمائندہ شہر نامہ) محکمہ ہائی وے ڈویژن مری کے تحت جاری سڑکوں کی مرمت و بحالی کے کام فنڈز کی عدم دستیابی کے باعث متاثر ہونے لگے ہیں، جس کے نتیجے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3 2)

تعلیم، روزگار، صحت اور ای کامرس پر کام کی ضرورت ہے، خاقان خواجہ

تعلیم و صحت کو فوری طور پر انقلابی اقدامات کے ذریعے عام آدمی کی دسترس میں لانا ہوگا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے کہ ای کامرس۔ تعلیم۔ روزگار اور صحت یہ وہ شعبے ہیں جن میں جتنا بھی کام کیا جائے کم ہے۔ اس کے لیے ہنگامی بنیادوں پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ اور ہم ان چاروں شعبوں میں پہلے سے ہی خدمات انجام دے رہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

کھاریاں سے سید ظہور شاہ اور میڈم شازیہ کا چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

پاکستان سپر لیگ سیزن (12) 18 مارچ سے شروع ہونگے

میلہ 18 مارچ سے 2 مئی 2027 تک ملک کے مختلف شہریوں میں سجے گا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) پاکستان سپر لیگ (12)، کرکٹ مقابلے آمدہ سال 18 مارچ 2027 سے شروع ہوں گے، تاریخوں کا اعلان کر دیا گیا، ٹوٹل آٹھ ٹیمیں شرکت کریں گی، تفصیلات کے مطابق پاکستان سپر لیگ کے بارویں ایڈیشن کا کرکٹ میلہ 18 مارچ سے 2 مئی 2027 تک ملک کے مختلف شہریوں میں سجے گا جس کا اعلان کر دیا گیا ہے PCB ذرائع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

BISP دفاتر میں موبائل سم کا عمل جمعرات کے دن کیا جائیگا

سروے اور سکول کے بچوں کا اندراج پورے ہفتے جاری رہے گا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفاتر میں موبائل سم کا عمل صرف جمعرات کے دن کیا جائے گا اس حوالہ سے BISP کی جانب سے ہدایات جاری کی گئی ہے کہ جن خواتین یا مستحقین کو موبائل سم کے سلسلے میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفتر آنا ہو وہ صرف جمعرات کے دن دفتر تشریف لائیں جبکہ سروے اور سکول کے بچوں کا اندراج پورے ہفتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8 1)

ایم آئی ٹی سلوشنز نے او جی ڈی سی ایل کو 75 رنز سے شکست دیدی

خالد عثمان کی تباہ کن بولنگ، میچ میں 62 رنز دے کر 10 وکٹیں حاصل کیں

اسلام آباد (پی پی اے) پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون کے پانچویں راؤنڈ کے تیسرے روز کا کھیل مکمل ہو گیا، ایم آئی ٹی سلوشنز نے او جی ڈی سی ایل کو 75 رنز سے شکست دے دی او جی ڈی سی ایل کی ٹیم 221 رنز کے ہدف کے تعاقب میں 145 رنز پر آؤٹ ہو گئی سعد خان نے 96 رنز کی نمایاں اننگز کھیلی ایم آئی ٹی سلوشنز کے خالد عثمان نے شاندار بولنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے میچ میں مجموعی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6 1)

الٹرا پروسیسڈ غذاؤں کے مضر اثرات سے آگاہ کرنا وقت کی ضرورت ہے، ثناء اللہ گھمن

پناہ کا یونیورسٹی آف سندھ میں وارننگ لیبلز کے فوری نفاذ کے حوالے سے خصوصی سیشن

جامشورو (نمائندہ خصوصی) پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (PANAH) نے نوجوانوں کو غیر صحت بخش اور الٹرا پروسیسڈ غذاؤں (UPFs) کے مضر اثرات سے آگاہ کرنے کی ملک گیر مہم کو وسعت دیتے ہوئے یونیورسٹی آف سندھ، جامشورو میں آگاہی سیشن کا انعقاد کیا، جس میں مقررین نے صارفین بالخصوص نوجوانوں کو صحت مند غذائی انتخاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7 1)

ڈیموکریٹس گروپ کی ملٹی پروفیشنل سوسائٹی کی نومنتخب قیادت کو مبارکباد

پوری امید ہے نئی قیادت ممبران کے اعتماد پر پورا اترے گی، آغا شیراز، سردار منیر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈیموکریٹس گروپ کی جانب سے ملٹی پروفیشنل کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کی نومنتخب قیادت کو دلی مبارک باد پیش کی گئی ہے۔ چیئرمین ڈیموکریٹس گروپ اسلام آباد چیپٹر آف کامرس اینڈ انڈسٹری آغا شیراز بشارت اور سینئر ممبر اسلام آباد چیپٹر سردار منیر احمد کی قیادت میں ڈیموکریٹس گروپ کے ایک باوقار وفد نے ملٹی پروفیشنل کوآپریٹو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9 1)

IIUI بھارہ کہو کیمپس اور اسلام یونین آف جرنلسٹس میں معاہدہ

مقصد جرنلسٹس کے بچوں کو معیاری تعلیم اور خصوصی سہولیات فراہم کرنا ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی): آئی آئی یو آئی اسلام آباد سکول بھارہ کہو کیمپس اور اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کے درمیان صحافی برادری اور ان کے اہل خانہ کے بچوں کو معیاری اور بہتر تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر دیے گئے۔ مفاہمتی یادداشت کا مقصد اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کے ممبران اور ان کے اہل خانہ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3 1)

9 اکتوبر کو ملک بھر میں یوم یکجہتی فلسطین و شہدا منانے کا فیصلہ

ملی یکجہتی کونسل کا مشاورتی اجلاس، مکہ دفاعی معاہدہ اور ملکی صورتحال پر اظہار خیال

اسلام آباد (پ ر) ملی یکجہتی کونسل پاکستان کے مرکزی دفتر جامعہ نعیمیہ اسلام آباد میں کونسل کا اہم مشاورتی اجلاس سیکرٹری جنرل جناب لیاقت بلوچ کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ملک کی موجودہ سیاسی و معاشی صورتحال، مسئلہ فلسطین و کشمیر، ایران کی صورتحال، سعودیہ یمن کشیدگی اور عالم اسلام کو درپیش چیلنجز نیز اس عنوان سے ملی یکجہتی کونسل کے آئندہ کے لائحہ عمل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2 0)

اسلام آباد، ملی یکجہتی کونسل کے مشاورتی اجلاس کے بعد لیاقت بلوچ، مفتی گلزار نعیمی، علامہ عارف واحدی، احمد رضوی و دیگر اظہار یکجہتی کا اظہار کر رہے ہیں

مری امپروومنٹ ٹرسٹ ہاؤسنگ سکیم کی لنک روڈز خستہ حالی کا شکار

متعدد مقامات پر بڑے بڑے گڑھے، رہی سہی کسر لینڈ سلائیڈنگ نے نکال دی

مری (راجہ عثمان علی) مری امپروومنٹ ٹرسٹ کی ہاؤسنگ سکیم کی مختلف لنک روڈز خستہ حالی کا شکار ہو گئی ہیں۔ سڑکوں کی تعمیر و مرمت کے لیے ہر سال خطیر فنڈز مختص کیے جانے کے باوجود جگہ جگہ گڑھے پڑنے اور لینڈ سلائیڈنگ کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ہاؤسنگ سکیم کے رہائشیوں کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

مری تجاوزات کیخلاف آپریشن پرائس کنٹرول کا جائزہ

ڈپٹی کمشنر کی پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو بازاروں کی باقاعدہ انسپکشن کرنے کی ہدایت

مری (نمائندہ۔شہر نامہ) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1 1)

مرغبانی کا فری تربیتی کورس 12 اکتوبر سے شروع ہوگا

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) پولٹری ریسرچ انسٹی ٹیوٹ مری روڈ ٹس آباد راولپنڈی میں مرغبانی کے بارے میں ایک ہفتے کا فری تربیتی کورس 12 اکتوبر سے شروع ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق پولٹری ریسرچ انسٹی ٹیوٹ مری روڈ ٹس آباد راولپنڈی میں عوام کے لیے مرغبانی کے بارے میں ایک ہفتے کے تربیتی کورس کا آغاز 12 اکتوبر، 2026 سے ہوگا جو 16 اکتوبر تک جاری رہے گا۔

راولپنڈی عوامی سہولت کیلئے گرین بس سروس کے 2 نئے روٹس منظور

اہم شاہراہوں، مرکزی مقامات اور عوامی سہولت کے مراکز کو پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام سے منسلک کیا جا رہا ہے

نئے روٹس کے اجرا سے پبلک ٹرانسپورٹ کا دائرہ مزید وسیع اور شہریوں کے لیے روزمرہ سفر مزید آسان ہونے کی توقع ہے

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) حکومت پنجاب نے راولپنڈی کے شہریوں کو جدید، آرام دہ، محفوظ اور باکفایت سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے گرین بس سروس کے دو نئے روٹس کی منظوری دے دی ہے۔ نئے منظور کیے گئے روٹس میں روٹ نمبر 05 راولپنڈی ریلوے اسٹیشن تا ہمراہی بس اسٹاپ جبکہ روٹ نمبر 06 عمر بیگ چوک تا ٹی بی ہسپتال شامل ہیں۔ نئے بس روٹس کے ذریعے شہر کی اہم شاہراہوں، مرکزی مقامات اور عوامی سہولت کے مراکز کو پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام سے منسلک کیا جا رہا ہے۔ روٹ نمبر 05 کے تحت راولپنڈی ریلوے اسٹیشن، اسٹیشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد، سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز کے زیر اہتمام گول میز کانفرنس کے بعد مہمانوں کا گروپ فوٹو

مانسہرہ شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار بابا کلو سرکار کے سالانہ عرس کی اختتامی تقریب میں شریک ہیں

حضرت کلو بابا سرکار کے عرس کی اختتامی تقریب، اسحاق ڈار کی شرکت

سید ذیشان نقوی نے نیزہ بازوں میں انعامات تقسیم کئے، مولانا سید امتیاز حسین شاہ نے خصوصی دعا کرائی

اولیائے کرام کی تعلیمات محبت، امن، بھائی چارے، رواداری اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتی ہیں، مقررین

مانسہرہ شریف (نمائندہ خصوصی) حضرت کلو بابا سرکارؒ کے تین روزہ سالانہ عرس کی تقریبات مانسہرہ شریف، ضلع اٹک میں عقیدت و احترام اور مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ اختتام پذیر ہو گئیں۔ عرس کے تیسرے اور آخری روز نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار مہمان خصوصی تھے جبکہ رکن قومی اسمبلی انجم عقیل خان، سابق ڈپٹی میئر اسلام آباد سید ذیشان نقوی خادم درگاہ حضرت امام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

علی وسیم کی زیر صدارت امن و امان اور سکیورٹی صورتحال پر زوم میٹنگ

تمام افسران کو موثر پولیسنگ اور سکیورٹی انتظامات یقینی بنانے کی ہدایات جاری

اسلام آباد (نمائندہ شہر نامہ) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کی زیر صدارت امن و امان اور سکیورٹی صورتحال پر زوم میٹنگ۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے تمام افسران کو موثر پولیسنگ اور سکیورٹی انتظامات یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7 2)

چیئرپرسن BISP سینیٹر روبینہ خالد کا مخدوم پیر عارف زمان کے انتقال پر اظہار افسوس

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کا مخدوم پیر عارف زمان کے انتقال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)